Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

تحریک انصاف کا لندن منصوبے کے تحت کرپشن کے مستند مجرم کو مسلط کرنے کی تمام تر کوششیں عوام کی جانب سے مسترد ہونے کے بعد عوامی منشاء کو پامال کرنے کا سلسلہ ترک کرنے کا مطالبہ

بانی چئیرمین تحریک انصاف عمران خان کے قوم کو دیے ہوئے شعور نے کرپشن کے سرٹیفیائیڈ مجرم نواز شریف اور اس کے حواریوں کی سیاست کا باب ہمیشہ کیلئے بند کر دیا،

کل تک عمران خان کو مائنس کرنے کے خواب دیکھنے والے آج عوام سے مسترد ہونے کے بعد اپنی سالوں پر محیط سیاست کو عدالتوں سے سزا یافتہ مفرور مجرم کو لندن منصوبے کے تحت ریاستی سرپرستی میں ایک بار عملی طور پر دفن ہوتا دیکھ رہے ہیں،

پھر ملک پر مسلط کرنے کیلئے آئین و اخلاقیات کی دھجیاں بکھیر کر سیاسی میدان میں اتارا گیا،

ہمیشہ پس پردہ سمجھوتوں کے سہارے اقتدار میں آنے والے سیاسی بصیرت سے عاری شخص کو عوام کی عدالت میں شرمناک شکست کا سامنا کرنا پڑا، نواز شریف کو چوتھی بار اقتدار سونپنے کیلئے تمام تر ریاستی سہولتکاری کے باوجود لندن پراجیکٹ کی ناکامی نے منصوبہ سازوں کو اپنے فیصلے پر نظرثانی پر مجبور کر دیا،

'ووٹ کو عزت دو' سے 'ہماری بات ہو چکی ہے' تک کا سفر آخرکار 'مجھے کیوں بلایا' پر آکر اختتام پذیر ہوا،

چوتھی مرتبہ وزارت عظمیٰ کے منصب پر فائز ہونے کا خواب دیکھنے والے شخص کو اس بار اس کے اپنوں نے ہی دغا دے دیا،

اقتدار کی ہوس میں اندھے شوباز شریف اور کیلیبری کوئین نے اپنی وزارتوں کی راہ ہموار کرنے کیلئے نواز شریف کو ہی سیاست سے مائنس کر دیا،

8 فروری کو عوام نے اپنے ووٹ کے ذریعے بانی چئیرمین عمران خان اور تحریک انصاف کو واضح اکثریت سے نواز کر اپنا فیصلہ سنا دیا، عوام کے مینڈیٹ کی کھلی توہین کرتے ہوئے مسترد شدہ گروہوں کے مابین اقتدار کی شرمناک بندر بانٹ کے ملک و معیشت کیلئے نہایت منفی اور سنگین نتائج مرتب ہوں گے،

عوام اپنے ووٹ کی حرمت پامال کرتے ہوئے مجرم گروہ پر مشتمل پی ڈی ایم ٹو کا تجربہ کسی طور قبول نہیں کرے گی، عوامی مینڈیٹ سے انحراف کی بجائے عوام کے فیصلے کا احترام کیا جائے اور بانی چئیرمین عمران خان کی قیادت میں ملک کو معاشی و سیاسی استحکام کی جانب گامزن ہونے کا موقع فراہم کیا جائے، ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ